ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات ان کی

○ پاکستان کو انشاء اللہ نیا پاکستان بنادیں گے۔ (نواز شریف)
بھٹو نے بھی یہی کہا تھا۔ مگر پاکستان دو ٹکڑے کر گیا

○ حکومت میں بے نظیر کو گرفتار کرنے کا دم خم نہیں۔ (یوسف رضا)
جیسے بے نظیر میں نواز شریف کو گرفتار کرنے کا دم خم نہیں تھا۔

○ امریکہ نے ڈاکٹر قدیر کی لیبارٹری پر دو سال کے لئے پابندی لگادی۔ (ایک خبر)
ڈاکٹر قدیر کی لیبارٹری ہے، کارپوریشن کا کھوکھا نہیں۔

○ اقوام متحدہ کے مشیر ڈاکٹر نصیر "ایوان وقت" میں (ایک تصویر)
تصویر سے تو کوئی ایکٹر معلوم ہوتا ہے!

○ میرے پاس بچوں کی سکول فیس کے لئے بھی پیسے نہیں ہیں۔ (بے نظیر)
دامنِ زردار خدا ڈھانپ لے پردہ تیرا

○ بلوں نے ہوش اڑا دیئے۔ ایک صارف کو بچی کی بالیاں بیچنا پڑیں۔ (ایک خبر)
بجلی کا اصلی خرچ تین سو روپے، بل ایک ہزار روپے!

○ پاکستان توہین رسالت کا قانون ختم کردے۔ (امریکہ)
توں کون ایں؟ میں جاچا خوامخواہ۔

○ حق مہر معاف نہ کرنے پر دو بچوں کی ماں کو آگ لگادی۔ (ایک خبر
ڈھالے ہیں سیم و زر نے کمینے نئے نئے

○ گوجرانوالہ کے تین تھانیداروں کی پیٹیاں اتروالی گئیں۔ (ایک خبر)
گویا ملتان کے تین آموں کی پیٹیاں اتروالی گئیں۔

○ پی ٹی وی کو مکمل گھریلو چینل بنائیں۔ (نواز شریف)
اور باقی جیسا ہے، رہنے دیں۔

○ بوریوالہ پولیس نے مزدور رہنما کو بازار میں ننگا پھرایا۔ (ایک خبر)
خوش قسمت ہے، پولیس مقابلہ میں نہیں مارا گیا۔

○ ارکان اسمبلی استعفیٰ دیں۔ ہم پھر انہیں اسمبلیوں میں پہنچادیں گے۔ (طاہر القادری)
بڑی پہنچی ہوئی سرکار لگتی ہیں۔

○ بائبل میں توہینِ رسالت کی سزا سنگسار ہے (بشپ کینتھ)

تو پھر عیسائی توہین رسالت کیوں کر رہے ہیں؟

○ حکم ملا تو ایٹمی دھماکہ کر دیں گے۔ (ڈاکٹر قدیر)

دشمن زیر میرے شیر!

○ بے روزگار مایوس نہ ہوں۔ انہیں جلد ایک نہیں دس روزگار ملیں گے (نواز شریف)

نہ نومن تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی

○ حاکم زرداری کا آصف زرداری سے اعلان لاتعلقی۔ مجھے اس کے ساتھ نتھی نہ کیا جائے (ایک خبر)

مصیبت میں سایہ بھی ساتھ چھوڑ جاتا ہے۔

○ خدمت کمیٹیوں کی سفارشات پر عمل نہ کرنے والوں کا انجام دنیا دیکھے گی۔ (ممتاز تارڑ)

تماشا خود نہ بن جانا، تماشا دیکھنے والو

○ لٹیرے بااثر لوگ بن گئے ہیں۔ (ضیاء شاہد)

جمہوریت اور الیکشن کی کرامات ہیں۔

○ پولیس نے تلاشی نہ دینے پر نوجوان مار ڈالا۔ (ایک خبر)

پولیس جیسے اب وحشی ہو رہی ہے۔ کبھی نہ تھی۔

○ بے نظیر کا میاں شریف سے رابطہ! (ایک خبر)

بے شرمی کی حد ہے

○ روشنی کے چراغ جلیں گے۔ (نواز شریف)

فی الحال تو گھروں کے چراغ بجھ رہے ہیں۔

○ لغاری نے زکواۃ اور بیت المال کی رقم سے چوٹی میں محل بنوایا۔ (ذوالفقار کھوسہ)

چوٹی کا سردار ہو یا کوئی اور یتیموں بیواؤں کا مال ہضم نہیں ہو گا۔

○ شانِ رسالت میں توہین آمیز ریمارکس پر قادیانی ڈاکٹر گرفتار۔ (ایک خبر)

رواداری کے پرچارک یہاں کیا کہتے ہیں؟

○ سیکولر طبقہ نے میری داڑھی کا مذاق اڑایا۔ علماء تماشا دیکھتے رہے (رفیق تارڑ)

داڑھی کا مذاق اڑانے والی حرافہ کے پہلو میں بیٹھنے والے طاہر القادری جواب دیں۔

○ پاکستان کو دیوار کے ساتھ لگانا امریکہ کو مہنگا پڑے گا۔ (حمید گل)

روس کا حشر سب کے سامنے ہے۔

○ زرداری کی چھے شوگر ملیں بند کر دی گئیں۔ (ایک خبر)

اور بیگم زرداری کہتی ہیں۔ میرے پاس بچوں کی فیس کے لئے پیسے نہیں۔

○ میں ملتان کا نقشہ بدل دوں گا (سعید انصاری)

مہربانی فرمائیں نقشہ نہ بدلیں۔ ملتان اسی جگہ ٹھیک ہے۔